مقالہ ہذا کو تین ابواب میں تقسیم کیا گیا ہے جس کی تفصیل درج ذیل ہے۔

باب اول: امام واحدی کے احوال وآثار کے متعلق ہے۔اس باب میں تین فصول قائم کی ہیں۔پہلی فصل آپؒ کے حالات زندگی پر مشتمل ہے جب کہ دوسری فصل میں آپ کی تصنیفی خدمات کا جائزہ لیا گیااور تیسری فصل میں آپ کی دینی خدمات کا مختصر جائزہ لیا گیا ہے۔

باب دوم: تفسیر بالماثور کے اسلوب پر مشتمل ہے۔ جس کو تین فصول میں تقسیم کیا گیا ہے۔ فصل اوّل: میں تفسیر القرآن بالقرآن کا جائزہ لیا گیا ہے۔ فصل دوم: تفسیر القران بالسنہ پر مشتمل ہے اور فصل سوم: میں تفسیر القرآن باقوال الصحابہ والتابعین کا جائزہ لیا گیا ہے۔

باب سوم: اس باب میں تفسیر بالرائے کے اسلوب کا جائزہ لیا گیا ہے۔ جس کو تین فصول میں تقسیم کیا ہے۔ فصل اوّل: لغوی اسلوب کا جائزہ لیا گیا ہےاور فصل دوم: کلامی اسلوب پر مشتمل ہے جبکہ فصل سوم: فقہی اسلوب کا جائزہ لیا گیا ہے۔

مقالے کے آخر میں خلاصہ بحث، نتائج وسفارشات، تجاویز وآراءاور مصادر ومراجع، نیزہر صفحہ پر حواشی وتعلیقات کامروجہ طریقہ تحقیق کے مطابق استعمال کیا ہے۔

مقالہ کی تیاری میں جی سی یونیورسٹی لاہور کے اصول تحقیق کے قواعد وضوابط کو مدِ نظر رکھ کرکام کیا ہے نیز نگران مقالہ کی ہدایات پر عمل کیا ہے۔